# تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن رستم (اشتہار پہلی بار)

اشتہار بذریعہ E-Auction تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن رستم میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا جون 2027 بحوالہ محکمہ بلدیات دیہی ترقی خیبر پختونخوا پشاور اور مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن رستم اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک بذریعہ E-Auction نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات جنہوں نے سال 2026-27 کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا پشاور کے ساتھ رجسٹریشن کروائی ہو نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ہر نیلامی کیلئے الگ الگ زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بمعہ رجسٹریشن، شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی بنام تحصیل میونسپل آفیسر رستم کو دو یوم قبل جمع کرانا ہوگا۔ ٹھیکہ جات کی نیلامی تاریخ 15,16,17/06/2026 بروز پیر تا بدھ صبح 09:00 بجے سے سہ پہر 04:00am بجے تک بولی / نرخ پیش کر سکتے ہیں۔ جس کے بعد کوئی پیشکش قابل قبول نہیں ہوگی۔ ہر بولی دہندہ حکومت کی طرف سے جاری شدہ مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 پر عمل درآمد کا پابند ہوگا۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ / کال ڈیپازٹ | پہلی تاریخ | دوسری تاریخ | تیسری تاریخ | وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | بس سٹینڈ رستم | 2,35,000/- | 15/06/2026 | 16/06/2026 | 17/06/2026 | پیر صبح 09 بجے تا بدھ رات 12 بجے تک |
| 2 | میلہ مال مویشاں رستم | 2,90,000/- | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً |
| 3 | سائن بورڈ | 58,500/- | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً |
| 4 | میلہ مال مویشاں (شرین خان چوک رستم بھیڑ / بکری) | 38,500/- | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً |
| 5 | پرمٹ فیس تیز رفتار، لوڈر، وغیرہ | 7,300/- | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً |

<u>شرائط نیلامی:</u> 1۔ ٹھیکہ کی نیلامی 1 جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک ہوگی۔ 2۔ تمام پیشکش دہندگان نیلامی کے اختتام پر اگلے دو دن یعنی مورخہ 18,19/06/2026 جمعرات، جمعہ کو اپنے 5% زرضمانت کا اوریجنل کال ڈیپازٹ ٹی۔ ایم۔ اے رستم کیساتھ جمع کریگا اس طرح سب سے زیادہ نرخ / پیشکش دینے والا ٹھیکیدار 15% جبکہ سائن بورڈ، پرمٹ فیس میں 50% پیشگی رقم بھی مذکورہ ایام میں جمع کرنے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا جس کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی 5% زرضمانت ٹھیکہ کی اختتام (30/06/2027) پر واپس کی جائے گی بشرطیکہ ٹھیکہ دار کے ذمے کوئی بقایا جات نہ ہو۔ 3۔ لوکل کونسل بورڈ TMA رستم، مردان کے بقایا داران یا ان کے اختیار کردہ نمائندے E-Auction میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہونگے۔ 4۔ ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے وقتی مروجہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس بولی کی رقم پر جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ 5۔ بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں حکومت TMA رستم ذمہ دار نہیں ہوگا۔ 6 کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی چارج ٹھیکہ کی کل رقم پر سیکیورٹی ایڈوانس کونسل ہذا کے فنڈ میں جمع کرنے پر دی جائیگی۔ 7۔ کامیاب بولی دہندہ جن ٹھیکوں سے سالانہ آمدن ہوتی ہے۔ اگر دوران ٹھیکہ صوبائی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا، تو ٹھیکہ دار اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ 8۔ بولی دہندہ کو بدوران ٹھیکہ بارش، ہڑتال وغیرہ کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔ 9۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ کے تحت کسی پیشکش کو جزوی طور پر قبول یا رد کر دیں۔ 10۔ E-Auction حصہ لینے والے ٹھیکیداران / فرمز محکمہ کی ویب سائٹ http:/eauction.lcbkp.gov.pk پر آن لائن حصہ لیں گے۔ اور بوقت نیلامی اپنی رجسٹریشن بمع تصدیق شدہ نقل قومی شناختی کارڈ پیش کرنے کا پابند ہوگا۔

<u>نوٹ:</u> سیریل نمبر 04 میلہ مال مویشی شرین خان چوک رستم (بھیڑ / بکری) کیلئے جگہ کی فراہمی بذمہ ٹھیکیدار ہوگی۔ اور ٹی۔ ایم۔ اے رستم سے کسی قسم کا معاوضہ طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا۔

المشتہر: تحصیل آفیسر ریگولیشن، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، رستم (مردان) بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، رستم (مردان)

INF(P)2634/26 ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION



(NIET
datec
regard
Clarif
marks
marki
correc
EPAD
Zero
INF(P)2633/26